# OCTOPUS DIGITAL — Octopus Digital Limited آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کے آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ " کمپنی " کا غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 08 جون 2024ء بروز ہفتہ صبح 10:00 بجے، بمقام نشاط ہوٹل، گیٹ نمبر 7، امپیریل بال روم ۔ بی، ایمپوریم مال، ملحق عبدالحق روڈ، جوہر ٹاون، لاہور سے مندرجہ ذیل کاروباری امور کو انجام دینے کیلئے منعقد ہوگا۔

**الف۔ عمومی کاروباری امور:۔**

ا۔ تفصیلات کی منظوری ( Minutes of the Meeting ) جو کہ ساتواں سالانہ اجلاس عام بتاریخ 29 اپریل 2024ء کو منعقد ہوا تھا۔

۲۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 اور میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق 08 جون 2024ء سے شروع ہونے والی اگلی 03 ( تین ) سالہ مدت کیلئے کمپنی کے 08 ( آٹھ ) ڈائریکٹران کا انتخاب کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹران کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

**1- جناب بختیار حمید وائیں 2- جناب تنویر کرامت 3- جناب اسمار احمد عاطف 4- جناب عدیل خالد**

**5- جناب محمد شاہد میر 6- جناب محمد عارف جنجوعہ 7- محترمہ صالحہ آصف**

ب۔ کوئی بھی اضافی امور جو کہ چیرمین کی اجازت سے ہونگے۔

بحکم بورڈ:۔ احسن خلیل ( کمپنی سیکرٹری )

لاہور مورخہ 17 مئی 2024ء

## ویب لنک برائے آن لائن میٹنگ بذریعہ "ZOOM"

ممبران کو کمپنی کے زیر انتظام ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے EOGM میں شرکت کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، نیچے دیے گئے لنک پر عمل کریں:

**https://us06web.zoom.us/webinar/register/WN_YLodUy3IRZ6CGO5dKPF7Cg**

شیئر ہولڈرز EOGM کے ایجنڈا آئٹمز کے لیے اپنے تبصرے اور سوالات فراہم کردہ ای میل ایڈریس agm@octopusdtl.com پر کر سکتے ہیں۔

EOGM میں شرکت کیلئے درج ذیل لنک سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں https://octopusdtl.com/investor-information/

**حاشیات:۔**

ا۔ کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتب مورخہ 01 جون 2024ء سے 08 جون 2024ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی جس دوران تدوین کیلئے کسی بھی حصص کی منتقلی کی وہ درخواستیں جو درست حالت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز ( پرائیویٹ ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران نرسری بلاک نمبر 6، PECHS، شاہراہ فیصل، کراچی، مورخہ 31 مئی 2024ء کو دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونگی۔ ان کو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے استحقاق کے تعین کیلئے بروقت شمار کیا جائے گا۔

۲۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شمولیت، بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے مستحق ہر حصص یافتگان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ شرکت بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کیلئے اپنی جگہ کسی پراکسی ( نمائندہ ) کو مقرر کرے اور ایسے پراکسی کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کی نسبت سے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو کہ بذات خود کمپنی کے حصص یافتگان کو حاصل ہوتے ہیں۔ پراکسی مقرر کرنے کیلئے ہر لحاظ سے درست اور باقاعدہ مہر شدہ اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونا ضروری ہے۔ پراکسی کا بذات خود کمپنی کے حصص یافتگان میں سے ہونا ضروری نہیں۔

۳۔ حصص یافتگان کیلئے ضروری ہے کہ وہ بروقت اپنے پتہ میں تبدیلی، کمپنی کے شیئرز رجسٹرار فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز ( پرائیویٹ ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران نرسری بلاک نمبر 6، PECHS، شاہراہ فیصل، کراچی، کو مطلع کردیں۔

**حصص یافتگان کے اجلاس میں شرکت کیلئے۔**

ا۔ انفرادی فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا وہ جسکی سکیورٹی گروپ اکاؤنٹ میں جمع ہے انکی رجسٹریشن کی تفصیل قوانین کے مطابق لف ہوں، اجلاس میں شرکت کیلئے شناخت کی تصدیق اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ سے کروائیں۔

۲۔ حصص یافتگان جو کہ CDC میں رجسٹر ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر جو کہ CDC میں ہے، مہیا کریں۔

۳۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹران اپنے ٹرسٹیز کی قرارداد / مختار نامہ بمعہ نامزد کیے گئے شخص کے دستخط نمونہ پیش کریں۔

**پراکسی کی تقرری کیلئے:۔**

ا۔ انفرادی فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور زیادہ افراد جسکی سکیورٹی گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور انکی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، پراکسی فارم مکمل اور صحیح طور پر تصدیق شدہ ہو جمع کروانا ہونگے۔

۲۔ پراکسی فارم پر دو اشخاص گواہ ہونے چاہییں جنکے نام، پتہ جات، شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم پر لکھے ہوں۔

۳۔ حصص یافتگان اور پراکسی کے درست شناختی کارڈ یا فائدہ مند مالکان کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کریں۔

۴۔ پراکسی اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت یا آن لائن رجسٹریشن کے وقت پیش کرے۔

۵۔ کارپوریٹ شناخت کی صورت میں مختار عام بورڈ آف ڈائریکٹران کا ریزولوشن نامزد کیے گئے شخص کے دستخط نمونہ جات کے ساتھ اجلاس کے وقت یا آن لائن رجسٹریشن کے وقت پیش کرے۔